**05.03.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ ارجمند علی خان

**Music**

-------------------------------

☆ بھارت اور فن لینڈ نے مختلف شعبوں میں کئی سمجھوتوں کا تبادلہ کیا ہے۔ اِن میں ماحولیاتی اشتراک، مائیگریشن اور موبیلٹی شامل ہیں۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت اور فن لینڈ اِس بات سے متفق ہیں کہ صرف فوجی ٹکراؤ سے کوئی بھی معاملہ حل نہیں کیا جاسکتا۔

☆ بہار کے وزیراعلیٰ نتیش کمار نے راجیہ سبھا چناؤ کیلئے اپنی امیدواری کا اعلان کیا ہے۔

☆ نیپال میں GenZ احتجاج کے بعد پُرامن طریقے سے پولنگ جاری ہے۔

☆ ایران نے امریکہ اور اسرائیلی فورسز کے مشترکہ حملوں کے تناظر میں

Operation Tru Promise-4 کے 19ویں سلسلے کا آغاز کیا ہے اور اسرائیل کے Dimona ایٹمی مرکز کو نشانہ بنانے کی دھمکی دی ہے۔

☆ اور، ICC ٹی ٹوینٹی ورلڈ کپ میں آج شام ممبئی میں سیمی فائنل میں بھارت اور انگلینڈ کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-FINLAND PREZ MEETING**

وزیراعظم نریندر مودی نے نئی دِلی میں فن لینڈ کے صدر Alexander Stubb کے ساتھ بات چیت کی۔ اِس

میں مختلف شعبوں میں باہمی اشتراک کو مستحکم بنانے پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنما نے علاقائی اور باہمی مفاد کے عالمی امور پر بھی تبادلۂ خیال کیا، جس میں کثیرملکی فورموں میں اشتراک بھی شامل ہے۔ بات چیت کے بعد کئی مفاہمت ناموں کا تبادلہ کیا گیا۔ اِن میں ماحولیاتی اشتراک، مائیگریشن اور موبیلٹی ساجھیداری شامل ہیں۔ اِس موقع پر وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت اور یوروپ کے درمیان بڑھتے ہوئے اشتراک سے عالمی استحکام، ترقی اور مشترکہ خوشحالی کو تقویت مل رہی ہے۔

جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ سمجھوتے ہونے سے بھارت اور فن لینڈ کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور تکنیکی اشتراک مزید مستحکم ہوں گے۔ فن لینڈ کے صدر، بھارت کے چار دن کے سرکاری دورے پر کل نئی دِلی پہنچے ہیں۔ وہ راشٹرپتی بھون میں صدرجمہوریہ دروپدی مرمو سے بھی ملنے جائیں گے۔×

## RAISINA DIALOGUE

وزیراعظم نریندر مودی آج شام نئی دلّی میں گیارہویں رائے سینا مذاکرات کا آغاز کریں گے۔ فِن لینڈ کے صدر ڈاکٹر Alexander Stubb افتتاحی اجلاس میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے اور کلیدی خطاب کریں گے۔ اس سال کا موضوع ہے، 'Samskara' ثابت قدمی، اتفاق رائے، ترقی۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ رائے سینا مذاکرات جغرافیائی و سیاسی اور جغرافیائی واقتصادی معاملات پر بھارت کی اہم کانفرنس ہے، جو بین الاقوامی برادری کو درپیش سب سے اہم معاملات کا ازالہ کرنے کیلئے عہد بستہ ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V-C Superna Saikia

*رائے سینا مذاکرات بھارت کی سرکردہ کانفرنس ہے، جو 2016 سے سالانہ طور پر نئی دلّی میں ہوتی ہے۔ اِس تین روزہ کانفرنس میں 110 ممالک کے تقریباً دو ہزار 700 شرکاء شامل ہوں گے، اِن میں وزراء، سابق سربراہان مملکت اور حکومت، ارکان پارلیمنٹ، فوجی کمانڈر اور صنعتکار شامل ہیں۔ مذاکرات کے دوران دنیا بھر کے فیصلہ ساز اور دانشور افراد 6 موضوعاتی ستونوں پر مختلف پہلوؤں پر ایک دوسرے کے ساتھ تبادلہ خیال کریں گے۔ عالمی رہنما، پالیسی ساز اور ماہرین بین الاقوامی معاملات اور کلیدی اشتراک پر، خاص طور پر توجہ مرکوز کریں گے۔*

*نئی دلّی سے سُپرنا سائکیا کی رپورٹ کے ساتھ اردوخبروں کیلئے میں......*

## JAISHANKAR FINLAND PREZ

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج نئی دِلی میں فن لینڈ کے صدر Alexander Stubb سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے یہ اعتماد ظاہر کیا کہ وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ فن لینڈ کے صدر کی میٹنگ

سے بھارت-فن لینڈ تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔ وزیرخارجہ نے یہ بھی کہا کہ وہ آج شام Raisina مذاکرات میں فن لینڈ کے صدر کے خطاب کے منتظر ہیں۔×

## VP TEMPLE INAUGRATION

نائب صدر سی-پی-رادھاکرشنن نے آج کرناٹک میں بیلگاوی ضلع کے Chikkodi Taluk میں سری ویر بھدریشورا مندر کے Rajagopura کا افتتاح کیا۔ اُنہوں نے مندر میں بھگوان شیو کے مہاکنبھ ابھیشیک میں بھی حصہ لیا۔ اِس موقع پر اپنے خطاب میں نائب صدر نے کہا کہ بھارت شاندار روحانی وراثت کے ساتھ تہذیب کا ایک گہوارا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ وادیٔ سندھ کی تہذیب کے زمانے سے ہی بھارت نسل در نسل روحانی اقدار کو آگے بڑھاتا رہا ہے۔

## NITISH KUMAR RAJYA SABHA

بہار کے وزیراعلیٰ نتیش کمار نے اعلان کیا ہے کہ وہ راجیہ سبھا کے آئندہ ہونے والے چناؤ میں ایک امیدوار ہوں گے۔ اِسے بہار میں ایک بڑے سیاسی واقعے کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب نتیش کمار نے کہا کہ بہار قانون سازیہ کے دونوں ایوانوں کے ساتھ ساتھ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کا ممبر بننے کی اُن کی خواہش رہی ہے۔ اُنہوں نے دو دہائیوں سے زیادہ عرصے تک بہار کے وزیراعلیٰ کے طور پر کام کرنے کیلئے اُن پر بھروسہ کرنے کیلئے بہار کے عوام کے تئیں تشکر کا اظہار بھی کیا۔

اِدھر JDU کے کچھ کارکنوں نے راجیہ سبھا منتقل ہونے کے اُن کے ممکنہ قدم کی مخالفت کرتے ہوئے پٹنہ میں وزیراعلیٰ کی رہائش گاہ کے باہر احتجاج کیا۔ اِدھر مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ پٹنہ پہنچ رہے ہیں، جہاں وہ بہار اسمبلی میں نامزدگی سے متعلق پروگرام میں شرکت کریں گے۔ اِس سے قبل BJP نے راجیہ سبھا چناؤ کیلئے دو امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا تھا۔ اِن میں پارٹی کے قومی لیڈر Nitin Nabin کا نام بھی شامل ہے، جبکہ NDA کے اتحادی اُپیندر کشواہا کو لگاتار دوسری مدت کیلئے منتخب کیا جانا طے ہے۔×

## CONGRESS LIST

کانگریس نے راجیہ سبھا چناؤ کیلئے اپنے چھ امیدواروں کی ایک فہرست جاری کی ہے۔ پارٹی لیڈر ابھیشیک منو سنگھوی اور Vem نریندر ریڈی کو تلنگانہ سے نامزد کیا گیا ہے۔ اِدھر Phulo Devi Netam کو چھتیس گڑھ سے امیدوار بنایا گیا ہے، جبکہ کرم ویر سنگھ بودھ کو ہریانہ سے، انوراگ شرما کو ہماچل پردیش سے اور ایم-کرسٹوفر تلک کو تمل ناڈو سے چناؤ میدان میں اُتارا گیا ہے۔ دس ریاستوں میں راجیہ سبھا کی 37 سیٹوں کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج ختم ہورہا ہے۔

پولنگ اِس مہینے کی 16 تاریخ کو ہوگی۔×

**WEST ASIA**

مغربی ایشیا میں لڑائی میں اور تیزی آ گئی ہے۔ ایران نے امریکہ اور اسرائیلی فورسز کے مشترکہ حملوں کے تناظر میں Operation Tru Promise-4 کے 19ویں سلسلے کا آغاز کیا ہے۔ اسرائیل کی دفاعی افواج نے کہا ہے کہ ایران سے کئی میزائل داغے گئے ہیں۔ وسطی اسرائیل، یروشلم کے علاقے اور مغربی کنارے کے بعض حصوں میں سائرن کی آواز سنی گئی۔ ایران نے دھمکی دی ہے کہ اگر اسرائیل اور امریکہ نے ایران میں تختہ پلٹ کی کوشش کی، تو اسرائیل کے Dimona ایٹمی مرکز کو نشانہ بنایاجائے گا۔ اُدھر ایران کے حملوں کے تناظر میں قطر نے کہا ہے کہ متعلقہ حکام احتیاطی اقدام کے طور پر امریکی سفارتخانے کے مضافات میں رہنے والے باشندوں کو وہاں سے باہر نکال رہے ہیں۔سعودی عرب نے بھی کہا ہے کہ اُس کے فضائی دفاعی نظام نے کئی ڈرونس کو بیچ میں ہی تہس نہس کردیا۔

متحدہ عرب امارات کی وزارتِ دفاع نے بھی دعویٰ کیا ہے کہ اُس کے فضائی دفاعی نظام نے کامیابی کے ساتھ کئی بیلسٹک میزائلوں کو بیچ میں ہی مار گرایا۔ دوسری طرف اسرائیل نے ایران پر پھر سے حملے کئے ہیں۔ اسرائیل کی فضائیہ نے ایران کے Kam علاقے میں بیلسٹک میزائل لانچر کو تہس نہس کردیا۔ اِس کے علاوہ اسفہان میں طیارہ شکن دفاعی نظام کو بھی تباہ کردیا گیا۔ اِس کے ساتھ ساتھ اسرائیل نے لبنان میں بھی کئی کمان مراکز کو نشانہ بنایا۔ اِن میں حزب اللہ کا ایک یونٹ بھی شامل ہے۔ ×

**NEPAL POLLING**

نیپال میں صبح سات بجے سے پرامن طور پر ووٹنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ صبح 11 بجے تک 19 لاکھ ووٹ ڈالے جاچکے تھے۔ دوپہر تک نیپال میں 18 فیصد ووٹنگ درج کی گئی ہے۔سخت سیکیورٹی بندوبست کے تحت ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ ہر ووٹر کو دو بیلٹ پیپر مل رہے ہیں، ایک FPTP نظام کے ذریعہ ووٹر اپنے حلقے کیلئے امیدوار چن سکتے ہیں اور دوسرا PR نظام کے تحت ووٹر اُس سیاسی پارٹی کا انتخاب کرسکتے ہیں، جسے وہ ملک کا اقتدار سونپنا چاہتے ہیں۔×

**SCINDIA-MWC-2026**

مواصلات کے مرکزی وزیر جوترآدتیہ سندھیا نے اس بات کو اُجاگر کیا ہے کہ بھارت کی اندرونِ ملک مینوفیکچرنگ میں صرف اضافہ ہی نہیں ہوا ہے بلکہ موبائل ڈیٹا کی لاگت بھی 97 فیصد تک کم ہوگئی ہے۔ اسپین کے بارسِلونا میں موبائل ورلڈ کانگریس-2026 کے دوران ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب سندھیا نے یہ بات کہی۔ وزیر موصوف نے اِس بات

کو نمایاں کیا کہ بھارت کا مسابقتی بازاروں اور ڈیجیٹل عوامی بنیادی ڈھانچے پر مبنی یکسر تبدیلی کا ماڈل کفایت شعاری کو نئے سرے سے تشکیل دے رہا ہے، مواقع میں توسیع ہورہی ہے اور یہ بات ظاہر کررہا ہے کہ شمولیت کا آغاز رسائی سے ہوتا ہے۔

**UN INDIA WOMEN**

اقوامِ متحدہ نے بھارت کے بینک کاری پروگرام کی ستائش کی ہے، جس کے ذریعے خواتین اور لڑکیوں کیلئے ایک بڑی تبدیلی والے راستے کے ایک عالمی ماڈل کے طور پر بینک کاری خدمات 29 کروڑ خواتین تک پہنچی ہیں۔ خواتین سے متعلق اقوامِ متحدہ پالیسی کی ڈائریکٹر Sandra Hendriks نے کہا ہے کہ خواتین اور لڑکیوں کی اپنی پوری آبادی کیلئے ڈیجیٹل شناخت کا نظام قائم کرنے کی بھارت سرکار کی مثال واقعی ایک ماڈل ہے۔

اُنہوں نے مزید کہا کہ ڈیجیٹل بینک کھاتے کھولنے کیلئے پورے بھارت میں خواتین اور لڑکیوں کیلئے ضابطوں کو سہل بنایا جانا، مالی شمولیت کے ایک ماڈل کے طور پر اُبھرا ہے۔ پردھان منتری جن دھن یوجنا سے بینک کاری خدمات خواتین تک پہنچائی گئی ہیں۔ مذکورہ اسکیم کا یہ بارہواں سال ہے۔ 56 فیصد کھاتے اِسی پروگرام کے تحت کھولے گئے ہیں۔×

**CRICKET T-20 WC**

مردوں کے ICC ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ میں آج شام ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں دوسرے سیمی فائنل میں بھارت کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ شام سات بجے سے کھیلا جائے گا۔ آج اس میچ میں جیتنے والی ٹیم، اتوار کے روز احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں نیوزیلینڈ کے ساتھ فائنل میچ کھیلے گی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆